# حکومتِ پاکستان وزارتِ مواصلات

## پاکستان پوسٹ

(از دفتر پوسٹماسٹر جنرل، سنٹرل پنجاب سرکل لاہور)

(سیالکوٹ شہر میں پُرکشش جگہ پر کاروبار کرنے کا سنہری موقع)

سیالکوٹ شہر میں واقع پاکستان پوسٹ کی عمارات کرائے کے لیے دستیاب ہیں۔ان عمارتوں کو کرائے پر حاصل کرنے کے خواہش مند افراد یا اداروں ترجیحاً ایسی آرگنائزیشنز جو ملٹی نیشنل سروسز مہیاء کرتیں ہیں جیسا کہ فنانشل، آئی ٹی، کنسلٹنسی سروسز و بینک وغیرہ سے سربمہر پیشکشیں مطلوب ہیں۔عمارات کی تفصیل درج ذیل ہیں:۔

| نمبر شمار | شہر کا نام | احاطہ مربع فٹ | تفصیل | لوکیشن |
|---|---|---|---|---|
| 1۔ | سیالکوٹ | 7127 Sft گراونڈ فلور | بلڈنگ کورڈ ایریا 1330 Sft<br>اوپن ایریا 5797 Sft | ریسٹ ہاؤس جی پی او کمپاؤنڈ، ریلوے روڈ سیالکوٹ |
| 2۔ | سیالکوٹ | 1056 Sft گراونڈ فلور | بلڈنگ کورڈ ایریا 1056 Sft | ایکسپریس پوسٹ سینٹر جی پی او، پیرس روڈ سیالکوٹ |

## شرائط و ضوابط:

1۔ مذکورہ جگہ / بلڈنگ ماہانہ کرایہ کی بنیاد پر دی جائے گی جبکہ کامیاب پارٹی چھ ماہ کا کرایہ بطور سیکورٹی ڈیپازٹ / جمع کروانے کی پابند ہوگی جو کہ معاہدے کی مدت ختم ہونے کے بعد قابلِ واپسی ہوگی۔

2۔ معاہدہ کی مدت تین سال ہوگی جس کی توسیع باہمی رضامندی سے مزید دو سال کے لیے کی جاسکتی ہے۔

3۔ کرایہ دار پارٹی کو مذکورہ بلڈنگ کے سٹرکچر میں کسی قسم کی تبدیلی کی اجازت نہیں ہوگی۔

4۔ جگہ کو استعمال میں لانے کے لیے کامیاب بولی دہندہ کو تزئین و آرائش خود کروانا ہوں گی جس کا خرچہ محکمہ پوسٹ کے ذمہ نہیں ہوگا۔مزید یہ کہ تمام تر کام محکمہ ہذا کی اجازت سے بروئے کار لائے جائیں گے۔

5۔ ٹینڈر فارم دفتر پوسٹماسٹر جنرل سینٹرل پنجاب، لوئر مال لاہور اور چیف پوسٹماسٹر سیالکوٹ جی پی او، پیرس روڈ سیالکوٹ سے دفتری اوکاتِ کار (صبح 9:00 تا شام 4:00 بجے) میں حاصل کیے جاسکتے ہیں۔ٹینڈر فیس ہر لوکیشن کی الگ الگ مبلغ دو ہزار (2000) روپے ہوگی جو کہ ناقابل واپسی ہے۔

6۔ ٹینڈر میں حصہ لینے والے افراد یا ادارہ جات کو بطور ضمانت / کال ڈیپازٹ مبلغ دو لاکھ روپے (Rs.200,000/-) کسی بھی بنک میں جمع کراونی ہوگی جو کہ قابلِ واپسی ہے اور اصل رسید بولی سے پہلے دفتر ہذا میں جمع کروانی ہوگی۔

7۔ تمام قسم کے یوٹیلیٹی بل کی ادائیگی کرایہ دار کی ذمہ دار ہوگی۔

8۔ ایگریمنٹ یا معاہدہ کی مدت کے دوران اگر پاکستان پوسٹ کو مذکورہ جگہوں کی ضرورت پڑی تو یہ کسی بھی وقت نوٹس دے کر خالی کرائی جاسکتی ہے جس پر کرائے داروں کو اس پر کوئی اعتراض نہ ہوگا۔

9۔ کاروبار سے متعلقہ سرکاری اور غیر سرکاری تمام واجبات کی ادائیگی اور متعلقہ احاطے کی صفائی اور سیکورٹی کی ذمہ داری کامیاب بولی دہندہ کی ہوگی۔

10۔ تمام پیشکش پاکستان پوسٹل سروسز مینجمنٹ بورڈ (پی پی ایس ایم بی) سے منظور شدہ رینٹ پالیسی 2020 کے تحت عمل میں لائی جائے گی۔

11۔ تمام سربمہر ٹینڈر فارم مورخہ 13-06-2025 دوپہر 0200 بجے تک پوسٹماسٹر جنرل سینٹرل پنجاب، لوئر مال لاہور کے دفتر میں موصول ہونے چاہئیں جو کہ اُسی روز دوپہر 02:30 بجے بولی دہندگان یا ان کے نمائندوں کے سامنے کھولے جائیں گے۔مقررہ وقت کے بعد موصول ہونے والے ٹینڈرز شامل نہیں کیے جائیں گے۔مزید معلومات دیئے گئے نمبر (042-99210728) پر دفتری اوقات میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

12۔ مجاز اتھارٹی PPRA Rules-2004 کے مطابق کسی ایک یا تمام پیشکشوں کو مسترد کرسکتی ہے۔

13۔ تین سال مکمل ہونے پر یا توسیع کی صورت میں پانچ سال کے بعد محکمے کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ معاہدہ کرائے داری کو نئے سرے سے مشتہر کرے اور نئی پیشکشیں طلب کرے۔

**ڈپٹی پوسٹماسٹر جنرل (ایف ایس)، سنٹرل پنجاب لاہور۔**

POS-168-136

3